# News Release

City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1

mississauga.ca facebook.com/citymississauga x.com/citymississauga

## Mississauga میں آتش بازی کے استعمال کے بارے میں آپ کو کیا جاننا چاہیے

اپنی خوشیاں منائیں، لیکن آگ اور چوٹ کے خطرے کو کم سے کم بنائیں۔ جانیں کہ آپ Mississauga میں کب اور کہاں آتش بازی کر سکتے ہیں، کون سی اقسام کی آتش بازی کی اجازت ہے اور اس سے متعلق قواعد کیا ہیں۔ آتش بازی کے بارے میں شہر کے قواعد و ضوابط پر عمل کر کے آپ تقریبات کو سب کے لیے محفوظ اور خوشگوار بنانے میں مدد کریں گے۔

6 فروری 2026

آتش بازی بہت سے لوگوں کے لیے تقریبات اور خاص مواقع کا ایک اہم حصہ ہوتی ہے۔ چاہے وہ کسی تعطیل، جشن یا تقریب کے لیے کی جائے یا مذہبی یا ثقافتی وجوہات کی بناء پر، اس کی روشنیاں، خوبصورت رنگ اور آوازیں خوشگوار یادیں تازہ کر دیتی ہیں۔

Mississauga میں آتش بازی کا استعمال شہر کے قواعد و ضوابط، رہنماء اصولوں اور شہر کے آتش بازی کے ضمنی قوانین کے تحت منظم کیا جاتا ہے تاکہ کمیونٹی کے ہر فرد کے لیے حفاظت اور لطف کو یقینی بنایا جا سکے۔ تمام رہائشیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ شہر کے آتش بازی کے بارے میں ضمنی قانون سے واقف ہوں اور یہ سمجھیں کہ آتش بازی کیا ہے، کون سی آتش بازی ممنوع ہے، اسے کیسے اور کب استعمال کیا جا سکتا ہے اور یہ کہ اس کے استعمال سے متعلق حفاظتی و احتیاطی تدابیر کیا ہیں۔

ہمیشہ حفاظت کو اولین ترجیح دیں – اپنے لیے اور اپنے ارد گرد موجود لوگوں کے لیے۔

## آتش بازی کیا ہے؟

آتش بازی وہ پائرو ٹیکنِک دھماکہ خیز مواد و آلات ہوتے ہیں جو جمالیاتی اور تفریحی مقاصد کے لیے بنائے جاتے ہیں۔ یہ مواد و آلات خوبصورت بصری اور صوتی اثرات پیدا کرنے کے لیے جلانے، دھماکہ پیدا کرنے یا دونوں کے امتزاج کے ساتھ استعمال کیے جاتے ہیں۔ یہ مختلف شکلوں، سائزوں اور اثرات میں دستیاب ہوتے ہیں اور اکثر روشن رنگوں اور دلکش نمونوں میں موجود ہوتے ہیں۔

نیشنل ریسورس کینیڈا کے مطابق، آتش بازی کو درج ذیل دو اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

- صارفین کی یا عام آتش بازی: باہر کے ماحول میں تفریح کے لیے بنائی جاتی ہیں اور انہیں عام لوگ استعمال کر سکتے ہیں۔ ان کی مثالوں میں فاؤنٹین، وہیلز یا وولکینو شامل ہیں۔ تاہم، ان کے استعمال کے کچھ قواعد و ضوابط بھی موجود ہیں جن کی پابندی کرنا لازمی ہوتا ہے۔
- غیر معمولی مواد و آلات: زیادہ تر بیرونی استعمال کے لیے ہوتی ہیں، قسم کے مطابق۔ یہ مواد و آلات، مثلاً اسپارکلرز وغیرہ محدود حد تک بصری یا صوتی اثرات پیدا کرتے ہیں اور ان میں پائروٹیکنِک مرکب کی تھوڑی مقدار موجود ہوتی ہے۔

## شہر آتش بازی کی اجازت کیوں دیتا ہے؟

آتش بازی لوگوں کو اپنی تقریبات منانے کا ایک دلکش ذریعہ فراہم کرتی ہے۔ یہ ثقافتی شناخت کو محفوظ رکھنے، مذہبی روایات کو منانے اور مشترکہ تجربات کے ذریعے کمیونٹی کو متحد کرنے میں بھی کردار ادا کرتی ہیں۔ Mississauga کے بہت سے رہائشیوں کے لیے، آتش بازی صرف تفریح ہی نہیں بلکہ بامعنی علامات بھی ہو سکتی ہے۔ یہ خوشی کے لمحات یا تاریخی مواقع کی یادیں تازہ کرنے کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے۔ آتش بازی لوگوں کو اپنی وراثت، روحانی عقائد کے ساتھ وابستگی اور خوشی، اتحاد اور فخر کے احساس کے ساتھ تقریبات منانے میں بھی مدد کر سکتی ہے۔

City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1



شہر کے آتش بازی کے ضمن قانون کا مقصد مقررہ حدود میں رہ کر آتش بازی کی اجازت دینا ہے اور Mississauga کے ثقافتی تنوع کا احترام کرتے ہوئے عوام کی حفاظت اور کمیونٹی کی بھلائی کو فوقیت دینا ہے۔ یہ قواعد و ضوابط کمیونٹی کے تعلقات کو مضبوط بنانے میں مدد دیتے ہیں اور اس کے علاوہ پالتو جانوروں، جنگلی حیات اور ماحول پر آتش بازی کے ممکنہ نقصان دہ اثرات کو بھی کم کرتے ہیں۔ یہ نقطہ نظرایک زیادہ جامع اور متحرک شہر کی تشکیل میں معاون ثابت ہوتا ہے، جو Mississauga کو اپنا گھر کہنے والے لوگوں کی امنگوں کی ترجمانی کرتا ہے۔

## Mississauga میں نئے آتش بازی کے قواعد

15 اکتوبر، 2025 کو، Mississauga سٹی کونسل نے آتش بازی کے ضمنی قانون میں ترمیم کے حق میں ووٹ دیا تاکہ مزید پابندیاں شامل کی جا سکیں، جن میں درج ذیل شامل ہیں:

- آتش بازی کے استعمال کے اوقات کو کم کرنا (نئے قمری سال، وکٹوریا ڈے، کینیڈا ڈے اور دیوالی کے موقع پر شام 6 تا رات 10 بجے تک؛ نئے سال کی شب پر رات 11 تا رات 1 بجے تک)۔
- رومن کینڈل آتش بازی کی فروخت، استعمال، قبضہ میں رکھنا اور تقسیم پر پابندی ہے۔
- آتش بازی کی فروخت کو چھٹی سے پہلے کے 10 دنوں تک محدود رکھنا، لیکن چھٹی کے دن نہیں۔
- آتش بازی کے فرخت کنندگان کے لیے ضروری ہے کہ وہ شہر کو اپنے آتش بازی کے ذخیرہ اور فروخت کا رجسٹر فراہم کریں۔
- صرف آتش بازی کے ڈسپلے یا پیشہ ورانہ مظاہرہ کے لیے اجازت نامہ جاری کرنا (صارفین کی یا عام نوعیت کی آتش بازی کے لیے کوئی اجازت نامہ جاری نہیں کیا جائے گا)۔

یہ تبدیلیاں کونسل کی جانب سے 10 دسمبر، 2025 کو منظور کی گئیں اور 2 جنوری، 2026 سے نافذ العمل ہیں۔

## Mississauga میں آتش بازی کا محفوظ استعمال

آتش بازی کو محفوظ طریقے سے استعمال کرنے کا طریقہ سمجھنا چوٹ، آگ یا جائیداد کے نقصان سے بچنے میں مدد کر سکتا ہے۔ چھٹی کی منصوبہ بندی کرتے وقت حفاظت کو اولین ترجیح دیں۔ آتش بازی استعمال کرنے سے پہلے اپنے خاندان اور دوستوں سے بات کریں تاکہ سب محفوظ رہیں۔

- صارفین کی آتش بازی خریدنے، پاس رکھنے اور استعمال کرنے کے لیے آپ کی عمر کم از کم 18 سال ہونی چاہیے۔
- صرف لائسنس یافتہ فروخت کنندگان سے ہی خریداری کریں۔
- یقینی بنائیں کہ آتش بازی محفوظ طریقے سے ذخیرہ کی گئی ہو اور بچوں کی پہنچ سے دور ہو۔
- ہر آئٹم پر موجود ہدایات، احتیاطی تدابیر اور انتباہات کو مکمل طور پر پڑھیں اور سمجھیں۔
- اپنی ذاتی جائیداد پر کسی صاف ستھری اور بیرونی جگہ میں آتش بازی استعمال کریں۔
- پانی کی بالٹی یا پانی کا پائپ وغیر قریب رکھیں۔
- آتش بازی کو دوسرے لوگوں، گھروں، درختوں اور آتش گیر مواد سے مخالف سمت میں چلائیں۔
- ہمیشہ بچوں پر نظر رکھیں اور یقینی بنائیں کہ دیکھنے والے محفوظ فاصلے پر موجود ہوں۔
- استعمال شدہ یا غیر استعمال شدہ آتش بازی کو محفوظ طریقے سے ضائع کریں۔ آتش بازی کو پانی میں مکمل طور پر ڈبو دیں اور رات بھر بھگو کر رکھیں۔ بھگوئی ہوئی آتش بازی کو پلاسٹک کے تھیلے میں لپیٹیں اور کچرے میں پھینک دیں۔

یاد رکھیں کہ جہاں آتش بازی استعمال کی گئی ہو، وہاں پر صفائی لازمی کریں۔ گندگی کسی کو پسند نہیں ہے۔

## آتش بازی کے متبادل

# News Release

City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1

MISSISSAUGA

mississauga.ca facebook.com/citymississauga x.com/citymississauga

آتش بازی کے استعمال کے نقصانات کو کم کرنے کے لیے آتش بازی کے متبادل کچھ مثلاً اسپارکلرز، گلوہ اسٹکس، گلوہ وینڈ یا LED لائٹس استعمال کرنے پر غور کریں۔

آتش بازی کے کئی ماحولیاتی اثرات بھی ہوتے ہیں، جن میں فضائی آلودگی، شور کی پریشانی، جنگلی حیات کو نقصان، فضلہ پیدا ہونا اور آگ لگنے کے خطرات شامل ہیں۔ یہ ایسے ذرات خارج کرتے ہیں جو عارضی فضائی آلودگی پیدا کرتے ہیں اور سانس کے مسائل میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ شدید دھماکے شور کی آلودگی پیدا کرتے ہیں جو رہائشیوں، جنگلی حیات اور پالتو جانوروں کو پریشان کرتے ہیں اور اکثر ذہنی دباؤ یا الجھن پیدا کرتے ہیں۔ آتش بازی سے پیدا ہونے والا ملبہ کچرے میں اضافہ کرتا ہے اور غیر محفوظ استعمال آگ کے خطرے کو بڑھا سکتا ہے، جس سے جائیداد اور مقامی ماحولیاتی نظام کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔

## شور کی سطح اور پالتو جانور

آتش بازی تیز اور شور پیدا کرنے والی ہو سکتی ہے۔ یہ شدید آوازیں پالتو جانوروں کے لیے پریشانی کا باعث بن سکتی ہیں اور بعض رہائشیوں کے لیے بھی پریشان کُن ہو سکتی ہیں۔ اثرات کو کم از کم کرنے کے لیے، پالتو جانوروں کے مالکان کچھ پیشگی اقدامات کر سکتے ہیں، مثلاً آتش بازی کے زیادہ شور والے اوقات میں جانوروں کو اندر رکھنا، ایک خاموش اور آرام دہ جگہ تیار کرنا اور پالتو جانوروں کو پرسکون رکھنے کے لیے سکون دینے والی تکنیکیں یا موسیقی استعمال کرنا۔

شور سے تنگ ہونے رہائشی، جنہیں تیز اور غیر متوقع آوازیں پریشان کُن لگ سکتی ہیں، وہ کانوں کے پلگ یا آواز کم کرنے والے آلات استعمال کر سکتے ہیں یا آتش بازی کے زیادہ شور والے علاقوں سے دور کسی جگہ پر جا کر خاموشی میں اپنا وقت گزارنے پر غور کر سکتے ہیں۔

## غیر قانونی آتش بازی کی اطلاع دیں

اگر آپ کے پڑوس یا کمیونٹی میں کوئی آتش بازی کا غلط استعمال کر رہا ہو، تو براہ کرم 311 پر کال کریں۔ براہ کرم آتش بازی کی شکایات کے لیے 911 پر کال نہ کریں جب تک کہ کوئی ہنگامی صورت حال مثلاً آگ، چوٹ یا موت جیسا کوئی واقعہ نہ ہو۔

رہائشی شہر کی ویب سائٹ کے ذریعے آن لائن شکایت بھی درج کروا سکتے ہیں اور دن یا رات کسی بھی وقت آتش بازی کے غلط استعمال کی اطلاع دے سکتے ہیں۔ ایک بار جب رہائشی شکایت جمع کروا دیں، تو شہر کا نفاذ کا عملہ ضرورت کے مطابق مناسب کارروائی کرے گا۔

## مزید جانیں

- Mississauga میں آتش بازی کے استعمال کے بارے میں مزید معلومات کے لیے mississauga.ca/fireworks ملاحظہ کریں۔
- آگ سے حفاظت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے mississauga.ca/fire ملاحظہ کریں۔